حیسکو پریس ریلیز مورخہ 20.10.2026

لائن مین (ون) سرفراز الحق کرنٹ لگنے سے زخمی ہوگئے حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر حیسکو فیض اللہ ڈاہری کا سخت نوٹس، ایس ڈی او گاڑی کھاتہ نے لائن سپرنٹنڈنٹ (ٹو) کامران خان اور اسسٹنٹ لائن مین جمیل احمد کو فوری طور پر معطل کر کے متعلقہ ڈویژن میں رپورٹ کرنے کے احکامات جاری کیے ہیں۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر نے واقعے کی مکمل انکوائری اور حقائق کا تعین کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ تحقیقات کے نتیجے میں ذمہ دار قرار پانے والے اہلکاروں کے خلاف قانون اور ضابطے کے مطابق مزید کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ حیسکو ترجمان

حیدرآباد (پ ر) حیسکو ترجمان کے مطابق حیسکو آپریشن سب ڈویژن گاڑی کھاتہ میں دورانِ ڈیوٹی لائن مین (ون) سرفراز الحق کرنٹ لگنے سے زخمی ہوگئے۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی حیسکو کے چیف ایگزیکٹو آفیسر فیض اللہ ڈاہری نے سخت نوٹس لیتے ہوئے متعلقہ افسران کو فوری کارروائی، واقعے کی مکمل انکوائری اور ذمہ داران کا تعین کرنے کی ہدایات جاری کر دیں۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر کی ہدایات پر ایس ڈی او آپریشن سب ڈویژن گاڑی کھاتہ نے لائن سپرنٹنڈنٹ (ٹو) کامران خان اور اسسٹنٹ لائن مین جمیل احمد کو فوری طور پر معطل کر کے متعلقہ ڈویژن میں رپورٹ کرنے کے احکامات جاری کیے ہیں۔ واقعے کے تمام پہلوؤں کا جائزہ لینے اور حادثے کی وجوہات معلوم کرنے کے لیے مکمل انکوائری کی ہدایت بھی کی گئی ہے۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر حیسکو فیض اللہ ڈاہری نے واضح کیا ہے کہ حادثے کی شفاف تحقیقات کے ذریعے حقائق سامنے لائے جائیں گے اور تحقیقات میں جو بھی اہلکار ذمہ دار قرار پایا، اس کے خلاف قانون اور محکمانہ قواعد وضوابط کے مطابق مزید کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ بجلی کی تنصیبات پر کام کے دوران حفاظتی اقدامات کو نظر انداز کرنا کسی صورت قابل قبول نہیں اور تمام متعلقہ افسران واہلکاروں کو اپنی ذمہ داریاں مقررہ حفاظتی اصولوں کے مطابق ادا کرنا ہوں گی۔ زخمی لائن مین سرفراز الحق کو فوری طور پر سول اسپتال حیدرآباد منتقل کیا گیا، جہاں انہیں ابتدائی طبی امداد فراہم کی گئی۔ بعدازاں انہیں مزید علاج کے لیے کراچی کے اسپتال منتقل کر دیا گیا۔ حادثے کی اطلاع ملتے ہی ایکسین آپریشن ڈویژن گاڑی کھاتہ اسداللہ پیرزادہ اور سپرنٹنڈنگ انجینئر آپریشن سرکل حیدرآباد عقیل نور میمن جائے حادثہ پر پہنچ گئے اور واقعے سے متعلق صورتِ حال کا جائزہ لیا۔ متعلقہ افسران کو ہدایت کی گئی کہ حادثے کی وجوہات کا باریک بینی سے جائزہ لیا جائے اور حفاظتی انتظامات سمیت ڈیوٹی کے دوران اختیار کیے جانے والے طریقہ کار کی جانچ کی جائے تاکہ حقائق واضح ہوسکیں۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر حیسکو فیض اللہ ڈاہری نے اپنے واضح مؤقف کا اعادہ کرتے ہوئے کہا کہ ”پہلے سیفٹی، پھر کام“ حیسکو کی بنیادی ترجیح ہے۔ بجلی کی لائنوں، ٹرانسفارمرز اور دیگر برقی تنصیبات پر کام کرنے والے تمام ملازمین کے لیے ضروری ہے کہ وہ مقررہ حفاظتی ایس او پیز، پرمٹ ٹو ورک (PTW) اور دیگر لازمی حفاظتی اقدامات پر مکمل عملدرآمد یقینی بنائیں۔ حیسکو چیف نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ فیلڈ میں کام کرنے والے لائن اسٹاف کی حفاظت کو اولین اہمیت دی جائے، کام شروع کرنے سے قبل ضروری حفاظتی انتظامات کی تصدیق کی جائے اور اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ کسی بھی ملازم کو غیر محفوظ حالات میں کام نہ کرنا پڑے۔ حیسکو انتظامیہ کے مطابق انسانی جانوں کا تحفظ بنیادی اہمیت رکھتا ہے اور حفاظتی اصولوں پر عملدرآمد کے ذریعے ایسے حادثات کی روک تھام کے لیے مؤثر اقدامات کیے جانے چاہییں۔